# قرآنی قواعد والفاظ

جمع و ترتیب

## مجلسِ علمی

مرکز اهل السنّۃ والجماعۃ سرگودھا

زیر نگرانی

متکلمِ اسلام
مولانا محمد الیاس گھمن دامت برکاتہم



زیر انتظام
eMarkaz
emarkaz.org

# فہرست


پیش لفظ ------------------------------- 3

تین سو الفاظ = ساٹھ فیصد قرآن کریم ------------------ 4

حروف تہجی اور حرکات ------------------------- 6

اسم، فعل، حرف ------------------------- 8

مذکر مؤنث ------------------------- 18

واحد، تثنیہ، جمع ------------------------- 18

اسم اور فعل کی پہچان ------------------------- 20

فعل ماضی ------------------------- 21

فعل مضارع ------------------------- 25

فعل امر ------------------------- 28

فعل نہی ------------------------- 31

طلبہ سے گزارشات: ------------------------- 34

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# پیش لفظ

الحمد للہ کہ ہم قرآن کریم کے ترجمہ و تفسیر کی ابتدائی کلاس میں موجود ہیں۔

قرآن کریم عربی میں نازل ہوا ہے اور قرآن کریم کو سمجھنے کے لیے جہاں بہت سے علوم کی ضرورت ہے وہیں عربی زبان اور گرامر پر عبور بھی لازمی ہے۔ بنیادی طور پر کوئی بھی زبان الفاظ اور قواعد کا مجموعہ ہوتی ہے۔ قواعد الفاظ کو جوڑنے کا سلیقہ سکھاتے ہیں۔

ہمارے پاس ایک سالہ ترجمہ و تفسیر کورس میں چونکہ وقت کم ہے اور ہم قواعد سیکھنے اور سمجھنے پر زیادہ وقت صرف نہیں کر سکتے اس لیے ہم نے قرآن کریم کے ترجمے میں مددگار ثابت ہونے والے کچھ بہت ہی بنیادی قواعد کو آسان الفاظ میں سمجھانے کی کوشش کی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہم نے قرآن کریم میں کثرت سے استعمال ہونے والے الفاظ کا انتخاب کیا ہے تاکہ طلبہ کرام کے لیے قرآن کریم کے ترجمے کو سمجھنا آسان ہو جائے۔ ان الفاظ کو یاد کرتے رہیں، ان شاء اللہ العزیز جب آپ قرآن کریم کا ترجمہ و تفسیر پڑھیں گے تو بہت سہولت رہے گی۔

اللہ کریم سے دعا ہے کہ اس کورس میں شریک طلبہ و طالبات اور اساتذہ کے سینوں کو قرآن کریم کے نور سے منور فرمائے، اس کورس کو دینی علوم کے سمندر میں داخلے کا راستہ بنائے اور ساری زندگی علم دین سیکھنے اور دوسروں کو سکھانے والا بنائے۔

آمین بجاہ النبی الکریم علیہ وآلہ الصلوۃ والتسلیم



24 شوال 1444ھ - 15 مئی 2023ء

استنبول؛ ترکیہ

# تین سو الفاظ = ساٹھ فیصد قرآن کریم

ہماری خوش قسمتی ہے کہ عربی کے بہت سے الفاظ اردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں۔ قرآن کریم میں کچھ الفاظ ایسے ہیں جو بار بار آئے ہیں۔ کچھ الفاظ درجنوں، بیسیوں بلکہ سینکڑوں بار بھی آئے ہیں۔ ان بار بار آنے والے الفاظ کی بہت بڑی تعداد ایسی ہے جو اردو میں بھی استعمال ہوتی ہے۔ قرآن کریم کا ساٹھ فیصد کے قریب حصہ صرف تین سو کے قریب الفاظ پر مشتمل ہے۔ بقیہ بیس فیصد حصہ صرف ایک سو چھہتر 176 الفاظ پر مشتمل ہے۔ آخری بیس فیصد حصہ ان الفاظ پر مشتمل ہے جو ایک بار آئے ہیں یا ان کی تکرار نسبتاً کم ہوئی ہے۔ ساٹھ فیصدی حصہ پر مشتمل الفاظ، ان کے معانی اور قرآن کریم میں ان کی تعداد ہم اگلے صفحے سے ذکر کرنا شروع کر رہے ہیں۔ یہ انیس چھوٹے چھوٹے ٹیبل ہیں۔ ہر روز ایک ایک ٹیبل یاد کرتے رہیں۔ ایک اور خوشخبری یہ ہے کہ قرآن کریم میں استعمال ہونے والے بہت سے الفاظ ایسے ہیں جو ہم اردو میں بھی استعمال کرتے ہیں۔ ہم کچھ ایسے الفاظ ذکر کرتے ہیں:

## الفاظ معانی [اردو میں استعمال ہونے والے الفاظ]

| عربی | اردو | عربی | اردو |
|---|---|---|---|
| وَلَدٌ | ولد / بیٹا | بَشَرٌ | بشر / انسان |
| شَيْءٌ | شے / چیز | عَظِيْمٌ | عظیم / بہت بڑا |
| عَذَابٌ | عذاب | قَوْمٌ | قوم |
| قَرِيْبٌ | قریب / نزدیک | بَعِيْدٌ | بعد / دور |
| مُلْكٌ | ملک / سلطنت | خَبِيْثٌ | خبیث / گندا |
| ضُعْفٌ | ضعف / کمزوری | ثَمَرٌ | ثمر / پھل |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ذِكْرٌ | ذکر / تذکرہ | ضَلَالَةٌ | ضلالت / گمراہی |
| لِبَاسٌ | لباس / کپڑے | هُدًى | ھدایت |
| عَبْدٌ | بندہ / غلام | غَمٌّ | غم / پریشانی |
| يَقِيْناً | یقینا / پکی بات | تِجَارَةٌ | تجارت |
| لَيْلٌ | رات | نَهَارٌ | دن |
| قِيَامٌ | قیام / کھڑا ہونا | طَعَامٌ | طعام / کھانا |
| خَوْفٌ | خوف / ڈر | حَمْدٌ | حمد / تعریف |
| عَمَلٌ | عمل / کام | يَوْمٌ | یوم / دن |
| سَبِيْلٌ | راستہ | عَدُوٌّ | عدو / دشمن |

**ہوم ورک:** سورۃ الفاتحہ اور قرآن کریم کی آخری دس سورتوں سے ایسے الفاظ لکھ کر لائیں جو اردو میں بھی استعمال ہوتے ہیں۔

## الفاظ معانی [اشارہ-موصولہ-نافیہ]

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| هٰذَا | یہ [مذکر] | هٰذِهٖ | یہ [مؤنث] | هٰٓؤُلَاۤءِ | یہ سب |
| ذٰلِكَ | وہ [مذکر] | تِلْكَ | وہ [مؤنث] | اُولٰٓئِكَ | وہ سب |
| اَلَّذِيْ | وہ جو [مذکر] | اَلَّتِيْ | وہ جو [مؤنث] | اَلَّذِيْنَ | وہ سب جو |
| لَا | نہیں | اِلَّا | سوائے | كَلَّا | ہرگز نہیں |
| لَنْ | نہیں [مستقبل] | لَمْ | نہیں [ماضی] | مَا | نہیں |
| لَيْسَ | نہیں | بَلٰى | کیوں نہیں! | غَيْر | سوا / نہیں |
| دُوْنَ | سوا / علاوہ | اِلَّا [ان لا] | اگر نہ | نَعَم | ہاں |

# حروف تہجی

عربی زبان میں الف سے لے کر یا تک کل اٹھائیس حروف تہجی ہیں۔ انہیں حروفِ ہجا بھی کہا جاتا ہے۔

# حرکات

حرکات تین ہیں۔ زبر، زیر، پیش۔

## فتحہ

فتحہ زبر کو کہتے ہیں۔ جس حرف پر زبر ہو اسے مفتوح کہیں گے۔ حَامِدٌ میں ح مفتوح ہے۔

## کسرہ

کسرہ زیر کو کہتے ہیں، جس حرف کے نیچے زیر ہو وہ مکسور ہو گا۔ حَامِدٌ میں مِ مکسور ہے۔

## ضمہ

ضمہ پیش کو کہتے ہیں۔ پیش والے حرف کو مضموم کہیں گے۔ مُلْكٌ میں مُ مضموم ہے۔

## تنوین

دو زبر، دو زیر اور دو پیش میں سے ہر ایک کو تنوین کہتے ہیں۔ مثلاً: حَامِدًا حَامِدٍ حَامِدٌ میں د۔

## تشدید

ایک ہی حرف کو دوبار؛ ایک مرتبہ سکون اور دوسری مرتبہ حرکت سے پڑھنے کا نام تشدید ہے۔ ایسے حرف کو مشدد کہیں گے۔ اَلنَّاسُ میں نون مشدد ہے۔

## نقشہ [ضمائر - مفعولی اور اضافی حالت]

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| ہٗ/ھَا | اس کو/اس کا | ھُمَا | ان کو/ان کا [تثنیہ] | ھُمْ/ھُنَّ | ان کو/ان کا[جمع] |
| كَ/كِ | تجھے/تیرا | كُمَا | تمہیں/تمہارا [تثنیہ] | كُمْ/كُنَّ | تمہیں/تمہارا [جمع] |
| یْ [نِیْ]- میرا/مجھے | | | نَا- ہمیں/ہمارا | | |

## الفاظ معانی [ضمائر—فاعلی حالت]

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| ھُوَ | وہ/اس نے [مذکر] | ھُمَا | وہ دو/ان دو نے [مذکر] | ھُمْ | وہ سب[مذکر] ان سب نے |
| ھِيَ | وہ/اس نے [مؤنث] | ھُمَا | وہ دو/ان دو نے [مؤنث] | ھُنَّ | وہ سب[مؤنث] ان سب نے |
| اَنْتَ | تو/تو نے [مذکر] | اَنْتُمَا | تم دو/تم نے [مذکر] | اَنْتُمْ | تم سب[مذکر] تم سب نے |
| اِنْتِ | تو/تو نے [مؤنث] | اَنْتُمَا | تم دو/تم نے [مؤنث] | اَنْتُنَّ | تم سب[مؤنث] تم سب نے |
| اَنَا میں/میں نے [مذکر مؤنث] | | | نَحْنُ ہم/ہم نے [مذکر مؤنث] | | |

# الفاظ کی اقسام Parts of Speech

انگلش گرامر میں آپ نے آٹھ پارٹس آف سپیچ پڑھے ہوں گے، عربی میں ان کو تین اقسام میں منحصر کر دیا گیا ہے۔ عربی گرامر میں کلمہ کی تین اقسام ہیں:

اسم　فعل　حرف

# اسم Noun

اسم نام کو کہتے ہیں۔ وہ لفظ جو اپنے معنی کے اعتبار سے مستقل حیثیت رکھتا ہو یعنی اپنا معنی خود بتائے اور اس کے معنی میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے۔ آسان الفاظ میں یوں کہہ لیں کہ کسی آدمی، جگہ، چیز کے نام یا صفت کو اسم کہتے ہیں۔

## مثالیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَبٌّ | رَسُوْلٌ | یثرب | بَابٌ |
| رب | رسول | یثرب | دروازہ |
| شَمْسٌ | مكةُ | بَقَرَةٌ | ضَرْبٌ |
| سورج | مکہ مکرمہ | گائے | مارنا |

## اسم کی قرآنی مثالیں:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَلْحِكْمَةُ | دانائی | اَلْمَلٰئِكَةُ | فرشتے | اَلرُّشْدُ | ہدایت |
| اَلْكِبَرُ | بڑھاپا | حِجَارَةٌ | پتھر | مَاءٌ | پانی |
| نَارٌ | آگ | اُنْثٰی | مادہ | اَلنِّصْفُ | آدھا |
| نَصْرٌ | مدد | اَلْبِرُّ | نیکی | اَلدَّارُ | گھر |

## الفاظ معانی [سوالیہ]

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| مَا | کیا / وہ جو | مَنْ | کون / وہ جو | مَتٰی | کب |
| اَیْنَ | کہاں | کَیْفَ | کیسے | کَمْ | کتنا |
| اَیُّ | کون سا | اَنّٰی | کیسے / کہاں | أ، هَل | کیا |
| مَاذَا | کیا | لِمَ، لِمَاذَا | کیوں | لَوْلَا | کیوں نہیں |

## الفاظ معانی [کب، کہاں، جہاں، حروف جر]

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| قَبْلُ | پہلے | بَعْدُ | بعد میں | حِیْنَ | جب |
| اِذْ | جب | اِذَا | جب | ثُمَّ | پھر |
| فَ | پس / تو | بَلْ | بلکہ | عِنْدَ، لَدٰی، لَدُنْ | پاس / قریب |
| اِنْ [اِلَّا] | نہیں مگر | مَا [اِلَّا] | نہیں مگر | اَلَّا [اَنْ+لَا] | وہ نہیں / یہ کہ نہیں |
| بِ | ساتھ | عَنْ | سے | فِيْ | میں |
| كَ | جیسا | لِ، لَ | کے لیے | مِنْ | سے |
| اِلٰی | تک | تَ | قسم | حَتّٰی | یہاں تک کہ |
| عَلٰی | پر | مَعَ | ساتھ | وَ | اور |

## الفاظ معانی [متعلقاتِ فعل وغیرہ]

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| قَدْ [+فعل] | یقیناً | سَ [+فعل] | عنقریب | سَوْفَ [+فعل] | عنقریب |
| لَ [+فعل] | البتہ | لَقَدْ [+فعل] | یقیناً | لَ | البتہ / یقیناً |
| لِ، لَ [اَمر] | کرنا چاہیے | اَلْ | معرفہ بنانا | اَمْ | یا |
| اَوْ | یا | بَعْضٌ | کچھ | کُلٌّ | سارا / ہر ایک |

## الفاظ معانی [ملکیت وغیرہ]

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| ذُوْ، ذَا، ذِیْ | والا، والی | ذَاتٌ | والا | اُولُوْا، اُولِیْ | والے [جمع] |
| اَھْلٌ | والے | آل | اولاد / والے | اَلَا | خبردار / ہرگز نہیں |
| نِعْمَ | بہت اچھا | بِئْسَ | بہت برا | بِئْسَمَا | بہت برا جو |
| مِثْلٌ | جیسا | مَثَلٌ [اَمْثَالٌ] | مثال | مِمَّنْ [مِنْ+مَنْ] | اس سے جو |

# فعل Verb

فعل کام کو کہتے ہیں۔ وہ لفظ جو اپنا معنی بتانے میں مستقل حیثیت رکھتا ہو اور اس میں تینوں زمانوں میں سے کوئی زمانہ بھی پایا جائے۔ فعل = کام + زمانہ

| | | |
|---|---|---|
| نَعْبُدُ | خَلَقَ | قُلْ |
| ہم عبادت کرتے ہیں | اس نے پیدا کیا | کہو |

## فعل کی اقسام:

فعل کی تین اقسام ہیں: فعل ماضی، فعل مضارع، فعل امر

**فعل ماضی:** وہ فعل جو گزرے ہوئے زمانے کے بارے میں بتائے۔

| | | |
|---|---|---|
| اَكَلَ | نَصَرَ | ضَاقَتْ |
| اس نے کھایا | اس نے مدد کی | وہ تنگ ہوئی |

**فعل مضارع:** وہ فعل جو موجودہ یا آئندہ زمانے کو بیان کرے۔

| | |
|---|---|
| يَأْكُلُ | يَتَسَآءَلُوْنَ |
| وہ کھاتا ہے / کھائے گا | وہ سوال کرتے ہیں / کریں گے |

**فعل امر:** وہ فعل جس میں کسی کو کوئی حکم دیا جائے۔

| | |
|---|---|
| اِقْرَأْ | اِصْبِرْ |
| پڑھ | صبر کر |

## یاد رکھیں!

- عربی میں زمانہ حال اور مستقبل دونوں کے لیے ایک ہی فعل یعنی فعل مضارع ہوتا ہے۔

## الفاظ معانی [صفات، تفضیل]

| الفاظ | معانی | تعداد | الفاظ | معانی | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|
| خَبِيْرٌ | جاننے والا | 45 | رَبٌّ | رب | 970 |
| رَحْمٰنُ | مہربان | 57 | سَلَامٌ | سلامتی | 42 |
| سَمِيْعٌ | سننے والا | 47 | شَكُوْرٌ | قدردان | 24 |
| عَزِيْزٌ | زبردست | 99 | غَفُوْرٌ | بخشنے والا | 91 |
| قَدِيْرٌ | قادر | 45 | نَذِيْرٌ | ڈرانے والا | 44 |
| نَصِيْرٌ | مددگار | 24 | وَكِيْلٌ | کارساز | 24 |
| اَوَّلُ | پہلا | 82 | آخِرٌ | آخری | 40 |
| آخَرٌ[اُخْرٰى] | دوسرا | 65 | بَصِيْرٌ | دیکھنے والا | 53 |
| بَعِيْدٌ | دور | 53 | تَوَّابٌ | توبہ قبول کرنے والا | 11 |
| حَفِيْظٌ | حفاظت کرنے والا | 26 | حَكِيْمٌ | حکمت والا | 97 |
| حَلِيْمٌ | حلم والا | 15 | حَمِيْدٌ | قابل تعریف | 17 |
| حَمِيْمٌ | گرم پانی | 20 | اَمِيْنٌ | امانت دار | 14 |
| شَدِيْدٌ | سخت | 52 | عَلِيٌّ | بلند | 11 |
| عَلِيْمٌ | جاننے والا | 162 | قَرِيْبٌ | قریب | 26 |
| كَبِيْرٌ | بڑا | 44 | كَثِيْرٌ | زیادہ | 74 |
| سَرِيْعٌ | تیز | 10 | رَحِيْمٌ | رحم والا | 182 |
| اَدْنٰى | قریب | 12 | اَظْلَمُ | زیادہ ظالم | 16 |
| اَهْدٰى | زیادہ ہدایت والا | 7 | اَوْلٰى | زیادہ قریب | 11 |

## الفاظ معانی-[صفات، تفضیل]

| عَظِيْمٌ | بڑا | 107 | قَلِيْلٌ | تھوڑا | 71 |
|---|---|---|---|---|---|
| كَرِيْمٌ | کرم والا | 27 | لَطِيْفٌ | باریک بین | 7 |
| اَشَدُّ | زیادہ سخت | 31 | اَعْلٰى | بلند مرتبے والا | 11 |
| اَعْلَمُ | زیادہ جاننے والا | 49 | اَقْرَبُ | زیادہ قریب | 19 |
| اَكْبَرُ | زیادہ بڑا | 23 | اَكْثَرُ | زیادہ | 80 |
| اَحْسَنُ | زیادہ پیارا | 36 | اَحَقُّ | زیادہ حق دار | 10 |

## الفاظ معانی[تاکید]

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | یقیناً | اَنَّ | یہ کہ یقیناً | كَاَنَّ | گویا کہ |
| لٰكِنَّ | لیکن | لَعَلَّ | شاید | اَنْ | کہ |
| اِنْ | اگر | اِيَّا | صرف | عَسٰى | شاید |
| لَمَّا | جب | لَوْ | اگر | يَا، يَااَيُّهَا | اے! |

## الفاظ معانی-[قیامت و آخرت]

| الفاظ | معانی | تعداد | الفاظ | معانی | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|
| صَاحِبٌ | ساتھی | 94 | عَاقِبَةٌ | انجام | 32 |
| عَذَابٌ | عذاب | 322 | عِقَابٌ | سزا | 20 |
| قِيَامَةٌ | قیامت | 70 | لِقَاءٌ | ملاقات | 24 |
| مُسَمًّى | مقررہ | 21 | نَارٌ | آگ | 145 |
| نَهْرٌ | دریا | 54 | وَيْلٌ | بربادی | 40 |

# حرف

آسان الفاظ میں یوں کہہ لیں کہ حرف کا مکمل معنی جملہ میں آئے بغیر معلوم نہیں ہو سکتا۔ حرف کی قرآنی مثالیں:

عَنِ الرُّوۡحِ: روح کے متعلق -فِیۡ قَرۡیَةٍ: بستی میں -مِنَ الظُّلُمٰتِ: اندھیروں سے اِلَی النُّوۡرِ روشنی کی طرف -بِالشَّهَادَةِ: گواہی کے ساتھ -کَالۡاُنۡثٰی: مؤنث کی طرح

## الفاظ معانی–[افراد]

| الفاظ | معانی | تعداد | الفاظ | معانی | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|
| اَجۡمَعُوۡنَ | سب کے سب | 26 | نِعۡمَةٌ | نعمت | 37 |
| بَاۡسٌ | لڑائی / ناگواری | 25 | اِذۡنٌ | اجازت | 39 |
| سَوَاءٌ | برابر | 27 | جَمِیۡعٌ | تمام | 53 |
| اُمٌّ | ماں / اصل | 35 | فَرِیۡقٌ | گروہ | 33 |
| زَوۡجٌ | جوڑا / خاوند | 76 | اَبٌ | باپ | 117 |
| اِمۡرَاَةٌ [نِسَاء] | عورت | 83 | رَجُلٌ | مرد | 57 |
| وَالِدٌ/وَلَدٌ | باپ / بیٹا | 76 | اَخٌ | بھائی | 89 |
| اِبۡنٌ | بیٹا | 63 | ذُرِّیَّةٌ | اولاد | 32 |

## الفاظ معانی–[انسان]

| الفاظ | معانی | تعداد | الفاظ | معانی | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|
| ذَکَرٌ | مذکر / نر | 16 | اُنۡثٰی | مؤنث / مادہ | 30 |
| عَبۡدٌ | بندہ / غلام | 126 | عُدُوٌّ | دشمن | 44 |
| کُفَّارٌ | کافر | 21 | وَلِیٌّ | دوست | 86 |

## الفاظ معانی-[نشانیاں]

| الفاظ | معانی | تعداد | الفاظ | معانی | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|
| رَسُوْلٌ | رسول | 332 | نَبِيٌّ | نبی | 75 |
| آيَةٌ | نشانی | 382 | بَيِّنَةٌ | واضح | 71 |
| قُرْآنٌ | قرآن | 70 | اَنْعَامٌ | جانور | 32 |
| جَبَلٌ | پہاڑ | 39 | بَحْرٌ | سمندر | 38 |
| شَمْسٌ | سورج | 33 | قَمَرٌ | چاند | 33 |
| لَيْلٌ | رات | 80 | نَهَارٌ | دن | 57 |
| اَرْضٌ | زمین | 461 | سَمَاءٌ | آسمان | 310 |

## الفاظ معانی–[قیامت و آخرت]

| الفاظ | معانی | تعداد | الفاظ | معانی | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|
| يَوْمٌ | دن | 393 | يَوْمَئِذٍ | اس دن | 70 |
| اَبَداً | ہمیشہ | 28 | اَجْرٌ | اجر/مزدوری | 105 |
| اَجَلٌ | موت | 52 | اَلْآخِرَةُ | آخرت | 115 |
| اَلِيْمٌ | دردناک | 72 | ثَوَابٌ | اجر | 13 |
| اَلْجَحِيْمُ | جہنم | 26 | جَزَاءٌ | بدلہ | 42 |
| جَنَّةٌ | جنت/باغ | 147 | جَهَنَّمُ | دوزخ | 77 |
| حِسَابٌ | حساب | 39 | سَاعَةٌ | گھڑی | 47 |
| اَمْرٌ | حکم/کام | 13 | مُجْرِمٌ | مجرم | 52 |
| حَقٌّ | سچ | 247 | شَهِيْدٌ | گواہ | 56 |

## الفاظ معانی-[اچھی، بری]

| الفاظ | معانی | تعداد | الفاظ | معانی | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|
| شَرٌّ | برائی | 29 | خَيْرٌ | نیکی | 186 |
| ذَنْبٌ | گناہ | 37 | إِثْمٌ | گناہ | 35 |
| حَرَامٌ | حرام | 26 | جُنَاحٌ | گناہ / حرج | 25 |
| حَدِيثٌ | بات | 23 | إِسْمٌ | نام | 27 |
| آلَاءٌ | نعمتیں | 34 | طَيِّبَةٌ | پاکیزہ | 30 |
| فَضْلٌ | انعام | 84 | سُلْطَانٌ | طاقت / دلیل | 37 |
| مُلْكٌ | بادشاہت | 48 | مَاءٌ | پانی | 63 |

## الفاظ معانی-[دنیا]

| الفاظ | معانی | تعداد | الفاظ | معانی | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|
| بَيْتٌ | گھر | 64 | دَارٌ | گھر | 48 |
| دُنْيَا | دنیا / قریب | 115 | سَبِيلٌ | رستہ | 176 |
| صِرَاطٌ | رستہ | 46 | عَالَمٌ | جہان | 73 |
| فِتْنَةٌ | فتنہ / آزمائش | 34 | قَرْيَةٌ | بستی | 57 |
| مَالٌ | دولت | 86 | مَتَاعٌ | سامان | 34 |
| مَسْجِدٌ | سجدہ گاہ | 28 | مَكَانٌ | جگہ | 32 |
| أُمَّةٌ | امت / گروہ | 64 | قَوْمٌ | قوم | 383 |
| إِنْسَانٌ | انسان | 65 | نَاسٌ | لوگ | 248 |

## الفاظ معانی–[دین]

| الفاظ | معانی | تعداد | الفاظ | معانی | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|
| حِكْمَةٌ | دانائی | 20 | تَقْوٰی | ڈرنا | 17 |
| دِيْنٌ | دین | 92 | بَاطِلٌ | باطل | 26 |
| مُبِيْنٌ | روشن | 119 | حَمْدٌ | تعریف | 43 |
| اَعْمَالٌ | کام[جمع] | 41 | زَكَاةٌ | زکوۃ | 32 |
| سَيِّئَةٌ | برائی | 68 | صَلَاةٌ | نماز | 83 |
| حَسَنَةٌ | نیکی | 31 | نُوْرٌ | روشنی | 43 |

## الفاظ معانی–[جسم،بدن]

| الفاظ | معانی | تعداد | الفاظ | معانی | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|
| وَجْهٌ | چہرہ/طرف | 72 | عَيْنٌ | آنکھ/چشمہ | 47 |
| اَبْصَارٌ | آنکھیں | 38 | اَفْوَاهٌ | منہ[جمع] | 21 |
| لِسَانٌ | زبان | 25 | قَلْبٌ | دل | 132 |
| صَدْرٌ | سینہ | 44 | يَدٌ | ہاتھ | 118 |
| رِجْلٌ | پاؤں | 15 | نَفْسٌ | نفس/جان | 293 |
| رُوْحٌ | روح | 21 | قُوَّةٌ | قوت | 28 |

## خوشخبری

اللہ تعالیٰ کے فضل اور توفیق سے ہم نے وہ تین سو کے قریب الفاظ اور ان کے معانی یاد کر لیے ہیں جو قرآن کریم کا تقریباً ساٹھ فیصد حصہ بنتے ہیں۔

# مذکر مؤنث

وہ اسم جو کسی مؤنث کا نام ہو یا جس کے آخر میں تائے تانیث [گول ۃ جیسے مُعَلِّمَۃٌ] ہو، اسے مؤنث کہتے ہیں اور باقی کو مذکر۔

# واحد، تثنیہ، جمع

## واحد Singular

واحد ایک کو کہتے ہیں۔ مثلاً: مُؤمِنٌ، مُؤمِنَۃٌ

## تثنیہ Dual

تثنیہ دو کو کہتے ہیں۔ یہ عربی زبان کی خصوصیت ہے، اردو اور انگلش میں واحد اور جمع ہی ہوتے ہیں۔ مثلاً: مُؤمِنَانِ، مُؤمِنَتَانِ

## تثنیہ بنانے کا طریقہ

تثنیہ بنانے کے لیے واحد کے آخر میں انِ یا یْنِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

مثلاً: قَلَمٌ سے قَلَمَانِ، قَلَمَیْنِ- رَجُلٌ سے رَجُلَانِ رَجُلَیْنِ

> **یاد رکھیں:** قرآن کریم کے رسم الخط میں بسا اوقات الف کی جگہ کھڑی زبر ہوتی ہے۔ رَجُلَانِ= رَجُلٰنِ

درج ذیل نقشے پر غور کریں، ان الفاظ کا تثنیہ قرآن کریم میں استعمال ہوا ہے:

## الفاظ معانی واحد تثنیہ

| واحد | معنی | تثنیہ | |
|---|---|---|---|
| وَالِدٌ | والد | وَالِدَانِ | وَالِدَيْنِ |
| طَائِفَةٌ | گروہ | طَائِفَتَانِ | طَائِفَتَيْنِ |
| فِئَةٌ | لشکر | فِئَتَانِ | فِئَتَيْنِ |
| فَرِيْقٌ | فریق | فَرِيْقَانِ | فَرِيْقَيْنِ |
| بُرْهَانٌ | دلیل | بُرْهَانَانِ | بُرْهَانَيْنِ |
| مِئَةٌ | ایک سو | مِئَتَانِ | مِئَتَيْنِ |
| اَلْفٌ | ایک ہزار | اَلْفَانِ | اَلْفَيْنِ |
| بَحْرٌ | سمند | بَحْرَانِ | بَحْرَيْنِ |
| رَجُلٌ | آدمی | رَجُلَانِ | رَجُلَيْنِ |
| قَوْسٌ | کمان | قَوْسَانِ | قَوْسَيْنِ |
| اِمْرَأَةٌ | عورت | اِمْرَاتَانِ | اِمْرَاتَيْنِ |
| بَشَرٌ | انسان | بَشَرَانِ | بَشَرَيْنِ |

## جمع Plural

دو سے زیادہ کو جمع کہتے ہیں۔ مثلاً: مُؤْمِنُوْنَ، مُؤْمِنَاتٌ

مذکر کی جمع بنانے لیے اس کے آخر میں وْنَ یا يْنَ آتا ہے۔ مثلاً:

مُسْلِمٌ مُسْلِمُوْنَ مُسْلِمِيْنَ

اور مؤنث کی جمع بنانے کے لیے اس کے آخر میں اتٌ یا اتٍ آتا ہے۔ مثلاً

مُسْلِمَةٌ مُسْلِمَاتٌ مُسْلِمَاتٍ

## قرآنی الفاظ سے جمع کا نقشہ

| مذکر | | | مؤنث | | |
|---|---|---|---|---|---|
| واحد | جمع | | واحد | جمع | |
| مُؤْمِنٌ | مُؤْمِنُوْنَ | مُؤْمِنِيْنَ | مُؤْمِنَةٌ | مُؤْمِنَاتٌ | مُؤْمِنَاتٍ |
| مُشْرِكٌ | مُشْرِكُوْنَ | مُشْرِكِيْنَ | مُشْرِكَةٌ | مُشْرِكَاتٌ | مُشْرِكَاتٍ |
| غَافِلٌ | غَافِلُوْنَ | غَافِلِيْنَ | غَافِلَةٌ | غَافِلَاتٌ | غَافِلَاتٍ |
| صَادِقٌ | صَادِقُوْنَ | صَادِقِيْنَ | صَادِقَةٌ | صَادِقَاتٌ | صَادِقَاتٍ |
| خَاسِرٌ | خَاسِرُوْنَ | خَاسِرِيْنَ | دَرَجَةٌ | دَرَجَاتٌ | دَرَجَاتٍ |
| مُفْسِدٌ | مُفْسِدُوْنَ | مُفْسِدِيْنَ | حَسَنَةٌ | حَسَنَاتٌ | حَسَنَاتٍ |
| خَالِدٌ | خَالِدُوْنَ | خَالِدِيْنَ | كَلِمَةٌ | كَلِمَاتٌ | كَلِمَاتٍ |

# اسم اور فعل کی پہچان

### اسم کی علامات:

- کلمہ کے شروع میں الف لام (لام تعریف) آجائے۔ مثلاً: اَلْحَمْدُ۔ اَلْكِتَابُ
- کلمہ کے شروع میں حرف جر آجائے۔ مثلاً: بِرَبِّ، مِنْ شَرِّ
- آخر میں تنوین ہو۔ مثلاً: بَاسِطٌ، شَدِيْدًا، عَيْنٍ

### فعل کی علامات:

- اس کے شروع میں قَدْ ہو۔ مثلاً:۔ قَدْ سَمِعَ
- شروع میں سین زائدہ ہو۔ مثلاً: سَيَقُوْلُ
- شروع میں سَوْفَ ہو۔ مثلاً: سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ
- شروع میں لَمْ، لَنْ ہو۔ مثلاً: لَنْ نُّشْرِكَ۔ لَمْ يَجْعَلْ

# فعل ماضی معروف کی گردان

درج ذیل ٹیبل کو دیکھیں:

| | | |
|---|---|---|
| نَصَرَ<br>اس ایک مرد نے مدد کی | نَصَرَا<br>ان دو مردوں نے مدد کی | نَصَرُوْا<br>ان سب مردوں نے مدد کی |
| نَصَرَتْ<br>اس ایک عورت نے مدد کی | نَصَرَتَا<br>ان دو عورتوں نے مدد کی | نَصَرْنَ<br>ان سب عورتوں نے مدد کی |
| نَصَرْتَ<br>تم ایک مرد نے مدد کی | نَصَرْتُمَا<br>تم دو مردوں نے مدد کی | نَصَرْتُمْ<br>تم سب مردوں نے مدد کی |
| نَصَرْتِ<br>تم ایک عورت نے مدد کی | نَصَرْتُمَا<br>تم دو عورتوں نے مدد کی | نَصَرْتُنَّ<br>تم سب عورتوں نے مدد کی |
| نَصَرْتُ<br>میں نے مدد کی<br>(مذکر مؤنث) | نَصَرْنَا<br>ہم نے مدد کی<br>(تثنیہ، جمع، مذکر، مؤنث) | |

عربی زبان میں آپ کسی بھی لفظ سے ماضی کی گردان کریں، اس کا پیٹرن یکساں رہے گا، کوئی فرق نہیں آئے گا۔ اگر آپ نے ایک گردان یاد کرلی تو آپ ہزاروں گردانیں اسی پیٹرن پر بنا سکتے ہیں اور ہر لفظ کا معنیٰ بھی آسانی سے معلوم کر سکتے ہیں۔ مثلاً:

| | | |
|---|---|---|
| شَرِبَ | شَرِبَا | شَرِبُوْا |
| اس ایک مرد نے پیا | ان دو مردوں نے پیا | ان سب مردوں نے پیا |
| شَرِبَتْ | شَرِبَتَا | شَرِبْنَ |
| اس ایک عورت نے پیا | ان دو عورتوں نے پیا | ان سب عورتوں نے پیا |

# فعل ماضی مجہول کی گردان

وہ فعل ماضی جس میں فاعل یعنی کام کرنے والے کا ذکر نہ کیا جائے۔ یعنی passive voice۔ گردان اور اس کا ترجمہ دیکھیں:

| | | |
|---|---|---|
| نُصِرَ<br>اس ایک مرد کی مدد کی گئی | نُصِرَا<br>ان دو مردوں کی مدد کی گئی | نُصِرُوْا<br>ان سب مردوں کی مدد کی گئی |
| نُصِرَتْ<br>اس ایک عورت کی مدد کی گئی | نُصِرَتَا<br>ان دو عورتوں کی مدد کی گئی | نُصِرْنَ<br>ان سب عورتوں کی مدد کی گئی |
| نُصِرْتَ<br>تم ایک مرد کی مدد کی گئی | نُصِرْتُمَا<br>تم دو مردوں کی مدد کی گئی | نُصِرْتُمْ<br>تم سب مردوں کی مدد کی گئی |
| نُصِرْتِ<br>تم ایک عورت کی مدد کی گئی | نُصِرْتُمَا<br>تم دو عورتوں کی مدد کی گئی | نُصِرْتُنَّ<br>تم سب عورتوں کی مدد کی گئی |
| نُصِرْتُ<br>میری مدد کی گئی | نُصِرْنَا<br>ہم سب کی مدد کی گئی | |

اب ہم قرآن کریم میں مذکور مختلف افعال کو ذکر کریں گے۔ ہر لفظ سے فعل ماضی، فعل مضارع، فعل امر، حروف اصلی، اردو ترجمہ اور قرآن کریم میں اس کی تعداد کو الگ الگ کالم میں لکھا گیا ہے۔ ماضی کی گردان آپ نے یاد کرلی ہے، مضارع اور امر کی گردانیں آگے آرہی ہیں۔ ہر مصدر سے ماضی اور مضارع کی معروف، مجہول، مثبت اور منفی کی گردانیں کرتے رہیں۔ فعل امر کا سبق پڑھنے کے بعد فعل امر کی گردانیں بھی شروع کردیں۔

## الفاظ معانی

| ماضی | مضارع | امر | مصدر | مادہ | ترجمہ | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ظَلَمَ | يَظْلِمُ | اِظْلِمْ | ظُلْمًا | ظ ل م | ظلم کرنا | 266 |
| ضَرَبَ | يَضْرِبُ | اِضْرِبْ | ضَرْبًا | ض ر ب | مارنا | 123 |
| غَفَرَ | يَغْفِرُ | اِغْفِرْ | مَغْفِرَةً | غ ف ر | مغفرت کرنا | 95 |
| صَبَرَ | يَصْبِرُ | اِصْبِرْ | صَبْرًا | ص ب ر | صبر کرنا | 94 |
| عَرَفَ | يَعْرِفُ | اِعْرِفْ | مَعْرِفَةً | ع ر ف | پہچاننا | 94 |
| كَذَبَ | يَكْذِبُ | اِكْذِبْ | كِذْبًا | ك ذ ب | جھوٹ بولنا | 76 |
| كَسَبَ | يَكْسِبُ | اِكْسِبْ | كَسْبًا | ك س ب | کمانا/کرنا | 62 |
| حَمَلَ | يَحْمِلُ | اِحْمِلْ | حَمْلًا | ح م ل | اٹھانا | 50 |
| عَقَلَ | يَعْقِلُ | اِعْقِلْ | عَقْلًا | ع ق ل | سمجھنا | 49 |
| مَلَكَ | يَمْلِكُ | اِمْلِكْ | مُلْكًا | م ل ك | مالک ہونا | 49 |
| قَدَرَ | يَقْدِرُ | اِقْدِرْ | قَدْرًا | ق د ر | قادر ہونا | 47 |
| عَلِمَ | يَعْلَمُ | اِعْلَمْ | عِلْمًا | ع ل م | جاننا | 518 |
| عَمِلَ | يَعْمَلُ | اِعْمَلْ | عَمَلًا | ع م ل | عمل کرنا | 318 |
| رَحِمَ | يَرْحَمُ | اِرْحَمْ | رَحْمَةً | ر ح م | رحم کرنا | 148 |
| سَمِعَ | يَسْمَعُ | اِسْمَعْ | سَمَاعَةً | س م ع | سننا | 100 |
| شَهِدَ | يَشْهَدُ | اِشْهَدْ | شُهُوْدًا | ش ہ د | گواہی دینا | 66 |
| خَسِرَ | يَخْسَرُ | اِخْسَرْ | خُسْرَانٌ | خ س ر | نقصان اٹھانا | 51 |

## الفاظ معانی

| ماضی | مضارع | امر | مصدر | مادہ | ترجمہ | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلِمَ | يَعْلَمُ | اِعْلَمْ | عِلْمًا | ع ل م | جاننا | 518 |
| عَمِلَ | يَعْمَلُ | اِعْمَلْ | عَمَلًا | ع م ل | عمل کرنا | 318 |
| رَحِمَ | يَرْحَمُ | اِرْحَمْ | رَحْمَةً | ر ح م | رحم کرنا | 148 |
| سَمِعَ | يَسْمَعُ | اِسْمَعْ | سَمَاعَةً | س م ع | سننا | 100 |
| شَهِدَ | يَشْهَدُ | اِشْهَدْ | شُهُوْدًا | ش ہ د | گواہی دینا | 66 |
| خَسِرَ | يَخْسَرُ | اِخْسَرْ | خُسْرَانٌ | خ س ر | نقصان اٹھانا | 51 |

## الفاظ معانی

| ماضی | مضارع | امر | مصدر | مادہ | ترجمہ | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حَسِبَ | يَحْسَبُ<br>يَحْسِبُ | اِحْسَبْ<br>اِحْسِبْ | حَسْبًا | ح س ب | گمان کرنا | 46 |
| حَزِنَ<br>حَزَنَ | يَحْزَنُ<br>يَحْزُنَ | اِحْزَنْ<br>اُحْزُنْ | حُزْنًا<br>حُزْنًا | ح ز ن<br>ح ز ن | غمگین ہونا<br>غمگین کرنا | 30 |

# فعل مضارع

فعل مضارع اس فعل کو کہتے ہیں جس میں موجودہ یا آئندہ زمانہ بتایا جائے۔

عربی میں فعل حال اور مستقبل؛ دونوں کے لیے ایک ہی فعل یعنی فعل مضارع استعمال ہوتا ہے۔

## گردان فعل مضارع معروف::

يَنْصُرُ = وہ مدد کرتا ہے یا کرے گا

| | واحد | تثنیہ | جمع |
|---|---|---|---|
| غائب | يَنْصُرُ | يَنْصُرَانِ | يَنْصُرُوْنَ |
| | تَنْصُرُ | تَنْصُرَانِ | يَنْصُرْنَ |
| حاضر | تَنْصُرُ | تَنْصُرَانِ | تَنْصُرُوْنَ |
| | تَنْصُرِيْنَ | تَنْصُرَانِ | تَنْصُرْنَ |
| متکلم | اَنْصُرُ | نَنْصُرُ | |

## الفاظ معانی

| ماضی | مضارع | امر | مصدر | مادہ | ترجمہ | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرَ | يَكْفُرُ | اُكْفُرْ | كُفْرًا | ك ف ر | کفر / انکار کرنا | 461 |
| خَلَقَ | يَخْلُقُ | اُخْلُقْ | خَلْقًا | خ ل ق | پیدا کرنا | 248 |
| ذَكَرَ | يَذْكُرُ | اُذْكُرْ | ذِكْرًا | ذ ك ر | ذکر کرنا | 163 |
| عَبَدَ | يَعْبُدُ | اُعْبُدْ | عِبَادَةً | ع ب د | عبادت کرنا | 143 |
| رَزَقَ | يَرْزُقُ | اُرْزُقْ | رِزْقًا | ر ز ق | رزق دینا | 122 |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نَظَرَ | يَنْظُرُ | أُنْظُرْ | نَظْرًا | ن ظ ر | دیکھنا | 95 |
| قَتَلَ | يَقْتُلُ | أُقْتُلْ | قَتْلًا | ق ت ل | قتل کرنا | 93 |

## الفاظ معانی

| ماضی | مضارع | امر | مصدر | مادہ | ترجمہ | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نَصَرَ | يَنْصُرُ | أُنْصُرْ | نَصْرًا | ن ص ر | مدد کرنا | 92 |
| صَدَقَ | يَصْدُقُ | أُصْدُقْ | صِدْقًا | ص د ق | سچ بولنا | 89 |
| خَلَدَ | يَخْلُدُ | أُخْلُدْ | خُلُودًا | خ ل د | ہمیشہ رہنا | 83 |
| حَكَمَ | يَحْكُمُ | أُحْكُمْ | حُكْمًا | ح ك م | حکم دینا | 80 |
| دَخَلَ | يَدْخُلُ | أُدْخُلْ | دُخُوْلًا | د خ ل | داخل ہونا | 78 |
| شَكَرَ | يَشْكُرُ | أُشْكُرْ | شُكْرًا | ش ك ر | شکر کرنا | 63 |
| خَرَجَ | يَخْرُجُ | أُخْرُجْ | خُرُوْجًا | خ ر ج | نکلنا | 61 |
| كَتَبَ | يَكْتُبُ | أُكْتُبْ | كِتَابَةً | ك ت ب | لکھنا | 56 |
| فَسَقَ | يَفْسُقُ | أُفْسُقْ | فِسْقًا | ف س ق | گناہ کرنا | 54 |
| سَجَدَ | يَسْجُدُ | أُسْجُدْ | سُجُودًا | س ج د | سجدہ کرنا | 49 |
| بَلَغَ | يَبْلُغُ | أُبْلُغْ | بُلُوْغًا | ب ل غ | پہنچنا | 49 |

## فعل مضارع منفی معلوم:

مضارع منفی بنانے کے لیے اس کے شروع میں لَا یا مَا لگا دیتے ہیں۔

## الفاظ معانی

| ماضی | مضارع | امر | مصدر | مادہ | ترجمہ | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تَرَكَ | يَتْرُكُ | أُتْرُكْ | تَرْكًا | ت ر ك | چھوڑنا | 43 |
| حَشَرَ | يَحْشُرُ | أُحْشُرْ | حَشْرًا | ح ش ر | جمع کرنا | 43 |
| مَكَرَ | يَمْكُرُ | أُمْكُرْ | مَكْرًا | م ك ر | تدبیر کرنا | 43 |
| شَعَرَ | يَشْعُرُ | أُشْعُرْ | شُعُورًا | ش ع ر | جاننا/ شعور رکھنا | 29 |
| قَعَدَ | يَقْعُدُ | أُقْعُدْ | قُعُودًا | ق ع د | بیٹھنا | 23 |

## الفاظ معانی

| ماضی | مضارع | امر | مصدر | مادہ | ترجمہ | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جَعَلَ | يَجْعَلُ | اِجْعَلْ | جَعْلًا | ج ع ل | بنانا | 346 |
| صَلَحَ | يَصْلَحُ | اِصْلَحْ | مَصْلِحَةً | ص ل ح | صلح/ درست کرنا | 131 |
| بَعَثَ | يَبْعَثُ | اِبْعَثْ | بِعْثًا | ب ع ث | اٹھانا[مرنے کے بعد] | 65 |
| سَحَرَ | يَسْحَرُ | اِسْحَرْ | سِحْرًا | س ح ر | جادو کرنا | 49 |
| نَفَعَ | يَنْفَعُ | اِنْفَعْ | نَفْعًا | ن ف ع | نفع دینا | 42 |
| جَمَعَ | يَجْمَعُ | اِجْمَعْ | جَمْعًا | ج م ع | جمع کرنا | 40 |
| ذَهَبَ | يَذْهَبُ | اِذْهَبْ | ذِهَابًا | ذ ہ ب | جانا | 35 |
| فَتَحَ | يَفْتَحُ | اِفْتَحْ | فَتْحًا | ف ت ح | کھولنا | 29 |
| رَفَعَ | يَرْفَعُ | اِرْفَعْ | رَفْعًا | ر ف ع | اٹھانا | 28 |
| لَعَنَ | يَلْعَنُ | اِلْعَنْ | لَعْنًا | ل ع ن | لعنت کرنا | 27 |

### سَ اور سَوفَ:

فعل مضارع کے شروع میں س یا سوف لگانے سے فعل مضارع؛ مستقبل کے ساتھ خاص ہو جاتا ہے۔

س کا معنی: کچھ دیر بعد سَوۡفَ کا معنی: عنقریب

سَيَنْصُرُ = وہ کچھ دیر بعد مدد کرے گا

سَوۡفَ يَنْصُرُ = وہ جلد مدد کرے گا

## الفاظ معانی [مضاعف]

مضاعف = جس کے دو حروف اصلی ایک جیسے ہوں۔

| ماضی | مضارع | امر | مصدر | مادہ | ترجمہ | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَلَّ | يَضِلُّ | اِضْلِلْ | ضَلَالَةً | ض ل ل | گمراہ ہونا | 113 |
| حَيَّ | يَحْيَا | اِحْيَ | حَيَاةً | ح ی ی | زندہ ہونا | 83 |
| ظَنَّ | يَظُنُّ | اُظْنُنْ | ظَنًّا | ظ ن ن | گمان کرنا | 68 |
| مَسَّ | يَمَسُّ | اِمْسَسْ | مَسًّا | م س س | چھونا | 58 |
| رَدَّ | يَرُدُّ | اُرْدُدْ | رَدًّا | ر د د | لوٹنا | 45 |
| صَدَّ | يَصُدُّ | اُصْدُدْ | صَدًّا | ص د د | روکنا | 39 |
| ضَرَّ | يَضُرُّ | اُضْرُرْ | ضَرًّا | ض ر ر | نقصان دینا | 31 |

## الفاظ معانی [مضاعف]

| ماضی | مضارع | امر | مصدر | مادہ | ترجمہ | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| غَرَّ | يَغِرُّ | اِغْرِرْ | غُرُوْرًا | غ ر ر | دھوکہ دینا | 24 |
| وَدَّ | يَوَدُّ | اِوْدَدْ | وَدًّا | و د د | چاہنا | 18 |
| مَدَّ | يَمُدُّ | اُمْدُدْ | مَدًّا | م د د | پھیلانا | 17 |
| عَدَّ | يَعُدُّ | اُعْدُدْ | عَدًّا | ع د د | گننا | 17 |

# فعل امر

امر؛ حکم کو کہتے ہیں۔ فعل امر وہ فعل ہے جس میں کسی سے کوئی کام کرنے کا مطالبہ کیا جائے، کسی کام کا حکم دیا جائے یا التجا کی جائے۔ مثلاً: اُنْصُرْ۔ تو مدد کر۔

## گردان فعل امر حاضر معروف:

| فعل امر | معنی |
|---|---|
| اُنْصُرْ | تو ایک مرد مدد کر |
| اُنْصُرَا | تم دو مرد مدد کرو |
| اُنْصُرُوْا | تم سب مرد مدد کرو |
| اُنْصُرِیْ | تو ایک عورت مدد کر |
| اُنْصُرَا | تم دو عورتیں مدد کرو |
| اُنْصُرْنَ | تم سب عورتیں مدد کرو |

## الفاظ معانی [مثال]

مثال = جس کا فا کلمہ [پہلا حرف] حرفِ علت ہو۔

| ماضی | مضارع | امر | مصدر | مادہ | ترجمہ | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَعَدَ | يَعِدُ | عِدْ | وَعْدًا | و ع د | وعدہ کرنا | 124 |
| وَجَدَ | يَجِدُ | جِدْ | وُجُودًا | و ج د | پانا | 107 |
| وَذَرَ | يَذَرُ | ذَرْ | وِذْرًا | و ذ ر | چھوڑنا | 45 |
| وَسِعَ | يَسَعُ | سَعْ | سَعَةً | و س ع | کھلا ہونا | 25 |
| وَهَبَ | يَهَبُ | هَبْ | وَهْبًا | و ه ب | عطا کرنا | 23 |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَضَعَ | يَضَعُ | ضَعْ | وَضْعًا | وض ع | رکھنا | 22 |
| وَقَعَ | يَقَعُ | قَعْ | وُقُوْعًا | وق ع | واقع ہونا | 20 |

## الفاظ معانی [مثال]

| ماضی | مضارع | امر | مصدر | مادہ | ترجمہ | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَرِثَ | يَرِثُ | رِثْ | وَرَاثَةً | ور ث | وارث ہونا | 19 |
| وَزَرَ | يَزِرُ | زِرْ | وِزْرًا | وزر | بوجھ اٹھانا | 19 |
| وَقٰى | يَقِيْ | قِ | وِقَايَةً | وق ى | بچنا | 19 |

## الفاظ معانی [اجوف]

اجوف = جس کا عین کلمہ [درمیانی حرف] حرفِ علت ہو۔

| ماضی | مضارع | امر | مصدر | مادہ | ترجمہ | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | يَقُوْلُ | قُلْ | قَوْلًا | ق و ل | کہنا | 1719 |
| كَانَ | يَكُوْنُ | كُنْ | كَوْنًا | ك و ن | ہونا | 1361 |
| خَافَ | يَخَافُ | خَفْ | خَوْفًا | خ و ف | ڈرنا | 112 |
| مَاتَ | يَمُوْتُ | مُتْ | مَوْتًا | م و ت | مرنا | 93 |
| تَابَ | يَتُوْبُ | تُبْ | تَوْبَةً | ت و ب | توبہ کرنا | 72 |
| قَامَ | يَقُوْمُ | قُمْ | قِيَامًا | ق و ل | کھڑا ہونا | 55 |

## الفاظ معانی

| ماضی | مضارع | امر | مصدر | مادہ | ترجمہ | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| زَادَ | يَزِيْدُ | زِدْ | زِيَادَةً | ز ى د | اضافہ کرنا | 51 |
| ذَاقَ | يَذُوْقُ | ذُقْ | ذَوْقًا | ذ و ق | چکھنا | 42 |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَادَ | يَكِيْدُ | كِدْ | كَيْدًا | ك ی د | تدبیر کرنا | 35 |
| فَازَ | يَفُوْزُ | فُزْ | فَوْزًا | ف و ز | کامیاب ہونا | 26 |
| كَادَ | يَكَادُ | كِدْ | كَوْدًا | ك و د | عنقریب ہونا | 24 |
| دَعَا | يَدْعُوْ | اُدْعُ | دُعَاءً | د ع و | پکارنا | 197 |
| هَدٰى | يَهْدِيْ | اِهْدِ | هَدْيًا | ه د ی | ہدایت دینا | 163 |

## فعل امر الفاظ معانی [ناقص]

ناقص = جس کالام کلمہ حرف علت ہو۔

| ماضی | مضارع | امر | مصدر | مادہ | ترجمہ | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جَزٰى | يَجْزِيْ | اِجْزِ | جَزَاءً | ج ز ی | بدلہ دینا | 116 |
| رَضِيَ | يَرْضٰى | اِرْضَ | رِضْوَانًا | ر ض ی | راضی ہونا | 97 |
| قَضٰى | يَقْضِيْ | اِقْضِ | قَضَاءً | ق ض ی | فیصلہ کرنا | 62 |
| تَلَا | يَتْلُوْ | اُتْلُ | تِلَاوَةً | ت ل و | تلاوت کرنا | 61 |
| جَرٰى | يَجْرِيْ | اِجْرِ | جِرْيَانًا | ج ر ی | جاری ہونا | 60 |
| خَشِيَ | يَخْشٰى | اِخْشَ | خَشْيَةً | خ ش ی | ڈرنا | 48 |
| نَسِيَ | يَنْسٰى | اِنْسَ | نِسْيَانًا | ن س ی | بھولنا | 36 |
| كَفٰى | يَكْفِيْ | اِكْفِ | كِفَايَةً | ك ف ی | کافی ہونا | 32 |
| عَفَا | يَعْفُوْ | اُعْفُ | عَفْوًا | ع ف و | معاف کرنا | 30 |
| بَغٰى | يَبْغِيْ | اِبْغِ | بَغْيًا | ب غ ی | تلاش کرنا | 29 |

## فعل نہی

وہ فعل جس میں کسی کام سے منع کیا جائے، فعل نہی کہلاتا ہے۔ فعل منفی اور

فعل نہی میں فرق ذہن میں رکھیں۔ فعل منفی میں کسی کام کا نہ ہونا بیان کیا جاتا ہے اور فعل نہی میں کسی کام سے روکا جاتا ہے۔

لَا تَنْصُرُ: فعل منفی / فعل نفی: تم مدد نہیں کرتے ہو۔

لَا تَنْصُرْ: فعل نہی۔ تم مدد نہ کرو۔

فعل نہی کو بھی فعل مضارع سے بنایا جاتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ شروع میں لَا لگا کر آخر کو ساکن کر دیتے ہیں۔

درج ذیل گردان کو دیکھیں اور فعل مضارع منفی اور فعل نہی کے صیغوں میں فرق پر غور کریں۔

## گردان فعل نہی: [مفتوح العین]

لَا تَذْهَبْ = تو ایک مرد مت جا۔

| | واحد | تثنیہ | جمع |
|---|---|---|---|
| حاضر | لَا تَذْهَبْ | لَا تَذْهَبَا | لَا تَذْهَبُوْا |
| | لَا تَذْهَبِيْ | لَا تَذْهَبَا | لَا تَذْهَبْنَ |

## الفاظ معانی [مہموز]

مہموز = جس کے مادّے میں کوئی ایک حرف ہمزہ ہو۔

| ماضی | مضارع | امر | مصدر | مادہ | ترجمہ | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شَاءَ | يَشَاءُ | شَأْ | مَشِيْئَةً | ش ی ء | چاہنا | 277 |
| رَاٰى | يَرَى | رَ | رَأْيًا | ر ء ی | دیکھنا | 269 |
| اَتٰى | يَأْتِيْ | اِئْتِ | اِتْيَانًا | ا ت ی | آنا | 263 |
| جَاءَ | يَجِيْئُ | جِئْ | مَجِيْئً | ج ی ء | آنا | 236 |
| اَمَرَ | يَأْمُرُ | مُرْ | اَمْرًا | ا م ر | حکم دینا | 232 |
| سَأَلَ | يَسْئَلُ | سَلْ | سُؤَالًا | س ء ل | پوچھنا | 119 |
| اَخَذَ | يَأْخُذُ | خُذْ | اَخْذًا | ا خ ذ | لینا / پکڑنا | 142 |
| اَكَلَ | يَأْكُلُ | كُلْ | اَكْلًا | ا ك ل | کھانا | 101 |
| سَاءَ | يَسُوْءُ | سُؤْ | سَوْءً | س و ء | برا ہونا | 39 |
| اَمِنَ | يَأْمَنُ | اِئْمَنْ | اَمْنًا | ا م ن | امن میں ہونا | 25 |
| قَرَاَ | يَقْرَاُ | اِقْرَاْ | قِرَاءَةً | ق ر ء | پڑھنا | 17 |
| اَبٰى | يَأْبٰى | اِئْبَ | اِبَاءً | ا ب ی | انکار کرنا | 13 |

## بڑی خوشخبری

الحمدللہ- بڑی خوشخبری یہ ہے کہ یہاں تک ہم نے جو الفاظ یاد کر لیے ہیں وہ قرآن کریم کا پچھتر فیصد 75% فیصد حصہ بنتے ہیں۔

# طلبہ سے گزارشات:

1- نیت صاف رکھیں، اگر صاف نہیں ہے تو کرلیں۔ علمِ دین سیکھنا اور آگے سکھانا، صرف اللہ تعالیٰ کی رضا اور اپنے پڑھے ہوئے پر عمل کی نیت سے ہونا چاہیے۔

2- ہم نے جو کچھ پڑھا ہے وہ علمی سمندر میں داخلے کا ایک راستہ ہے، ابھی بہت کچھ ایسا ہے جو ہم نہیں سیکھ سکے۔ اور کوئی بھی سب کچھ نہیں سیکھ سکتا، اس لیے ہمیشہ طالب علم بن کر رہیں، سیکھتے رہیں۔

3- غرور اور فخر کے بجائے دل میں تشکر کے احساس کو جگہ دیں۔ یہ آیت پڑھتے رہا کریں: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدٰىنَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَاۤ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ

زبانی شکر کے ساتھ ساتھ عملی شکر بھی ادا کریں، یہ علم دوسرے لوگ کیسے سیکھیں؟ آپ کے اساتذہ کا فیض کیسے جاری رہے؟ ان جیسے امور پر غور کرتے رہیں۔

4- اپنے فہم اور ترجمے کی صلاحیت کے بل پر اہلِ حق بزرگوں کے کیے ہوئے تراجمِ قرآن اور تفسیری ذخائر کی غلطیاں نہ ڈھونڈتے پھریں۔ یہ محرومی کا ذریعہ ہے، اللہ کریم ہم سب کی حفاظت فرمائیں۔

5- فضول سرگرمیوں خصوصاً سوشل میڈیا پر وقت ضائع کرنے کے بجائے تلاوتِ قرآن کو اپنا معمول بنائیں۔ الفاظ کی بناوٹ اور معانی پر غور کریں۔ جہاں الجھن ہو، کوئی بات یا مفہوم سمجھ نہ آئے، اپنے اساتذہ یا کسی مستند عالم سے پوچھ لیں۔

6- مرکز اھل السنۃ والجماعۃ کے تمام اساتذہ، طلبہ، اراکین، محبین، معاونین کو ہمیشہ اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

اللہ کریم اپنے کریم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے ہمیں اخلاص کے ساتھ علمِ نافع اور عملِ صالح کی دولت سے نوازیں۔

آمین بجاہ النبی الکریم علیہ وآلہ الصلوۃ والتسلیم